Prime Minister’s meeting with Australian Prime Minister on the sidelines of the Quad Leaders’ Summit

May 24, 2022

وزیراعظم نے کواڈ لیڈروں کی چوٹی کانفرنس کے موقع پر آسٹریلیا کے وزیراعظم کے ساتھ میٹنگ کی

وزیراعظم جناب نریندرمودی نے جاپان کے ٹوکیو میں 24 مئی،2022 کو کواڈ لیڈروں کی چوٹی کانفرنس کے موقع پر آسٹریلیا کے وزیراعظم جناب انتھونی البنیز کے ساتھ باہمی میٹنگ میں حصہ لیا۔

وزیراعظم جناب مودی نے وزیراعظم البنیز کو انتخابات میں ان کی جیت کے لئے مبارکباد دی۔ دونوں رہنماؤں نے تجارت اور سرمایہ کاری ، دفاعی مینوفیکچرنگ،گرین ہائیڈروجن سمیت قابل تجدید توانائی، تعلیم، سائنس اور ٹیکنالوجی، زرعی تحقیق، کھیل اور عوام کے مابین رابطوں سمیت جامع اسٹریٹجک پارٹنرشپ کے تحت کثیر جہتی تعاون کا جائزہ لیا۔دونوں وزرائے اعظم نے دوطرفہ تعلقات میں مثبت رفتار کو جاری رکھنے کی اپنی خواہش کا اعادہ کیا۔

وزیراعظم نے آسٹریلیا کے وزیراعظم کوجلداز جلد بھارت آنے کے لئے دعوت دی۔

ٹوکیو

23 مئی 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.